# سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم 2023/2025
# (ستمبر 2025 میں سیکنڈری 1 میں داخلے کے لیے)
# اکثر پوچھے گئے سوالات

## سینٹرل ایلوکیشن کا طریق کار

**(1) سوال سینٹرل ایلوکیشن (CA) کے معیارات کیا ہیں؟**

جواب CA کی بنیاد طالب علم کے ایلوکیشن بینڈ، اسکولز کے لیے والدین کے انتخاب اور رینڈم نمبر پر ہوتی ہے۔ CA کے تفویضی طریقہ کار کے لیے، والدین ایجوکیشن بیورو (EDB) کی جانب سے اپریل 2025 کے شروع میں تقسیم کردہ "سینٹرل ایلوکیشن کے حوالے سے والدین کے لیے نوٹس" سے رجوع کر سکتے ہیں۔

**(2) سوال CA کے لیے تفویضی طریقہ کار کیا ہے؟**

جواب حصہ A میں "غیر محدود اسکول کے انتخاب" پر پہلے کارروائی کی جاتی ہے۔ حصہ A میں تمام طلباء کے اسکول کے انتخاب پر کارروائی کے بعد ہی کمپیوٹر حصہ B میں "محدود اسکول کے انتخاب" پر کارروائی کرنا شروع کرے گا۔

حصہ A میں "غیر محدود اسکول کے انتخاب" پر کارروائی کرتے وقت، کمپیوٹر سب سے پہلے ٹیریٹری بینڈ 1 میں طلباء کو اسکول کی جگہیں ان کے اسکول کے انتخاب کی ترجیح کی ترتیب کے مطابق تفویض کرے گا۔ ان تمام طلباء کے اسکول کے انتخاب کی اسکریننگ کے بعد، کمپیوٹر ٹیریٹری بینڈ 2 اور آخر میں ٹیریٹری بینڈ 3 کے طلباء کے اسکول کے انتخاب پر کارروائی کرنے کے لیے اسی طریقہ کار پر عمل کرے گا۔ حصہ A میں جگہ حاصل کرنے میں کامیاب طلباء کو حصہ B میں جگہ تفویض نہیں کی جائے گی۔ اگر کسی طالب علم کو حصہ A میں اسکول کی جگہ تفویض نہیں کی جاتی ہے جب کہ اس لڑکا/لڑکی کے اسکول کے تمام انتخاب ختم ہوگئے ہوں تو اس کے بعد، اس لڑکا/لڑکی کو حصہ B میں جگہ تفویض کی جائے گی۔

حصہ B میں "محدود اسکول کے انتخاب" پر کارروائی کرتے وقت، کمپیوٹر سب سے پہلے نیٹ بینڈ 1 میں طلباء کو ان کے اسکول کے انتخاب کی ترجیح کی ترتیب کے مطابق اسکول کی جگہیں تفویض کرے گا۔ اگر نیٹ بینڈ 1 میں کسی طالب علم کو اسکول کی جگہ تفویض نہیں کی جا سکتی ہے یہاں تک کہ اس کے اسکول کے تمام انتخاب ختم ہو گئے ہوں، کمپیوٹر اسے اسکول کے نیٹ میں باقی جگہوں سے جگہ تفویض کرے گا[1]۔ نیٹ بینڈ 1 کے تمام طلباء کو اسکول کی جگہیں تفویض کرنے کے بعد، کمپیوٹر نیٹ بینڈ 2 اور آخر میں نیٹ بینڈ 3 میں طلباء کے انتخاب پر کارروائی کرنے کے لیے اسی طریقہ کار پر عمل کرے گا۔

اگر والدین نے ایک سیکنڈری اسکول کا انتخاب کیا ہے جو اس تفویضی دور میں آخر کار سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن (SSPA) سسٹم کے تحت سیکنڈری1(S1) جگہوں کی پیشکش نہیں کرے گا تو، اس اسکول کے انتخاب پر کارروائی نہیں کی جائے گی[2]۔

---

[1] ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم والے اسکولوں اور ان اسکولوں کو چھوڑ کر جن پر تصریح کیا گیا ہو کہ "طلبہ کو اس اسکول کے لیے مختص نہیں کیا جائے گا جب تک کہ وہ اسے اپنے انتخاب میں شامل نہیں کرتے"

[2] تفویضی طریقہ کار کے دوران، کمپیوٹر متعلقہ اسکول کے انتخاب(انتخابات) کو حذف کر دے گا اور سیکنڈری ون چوائس آف اسکولز فارم (Choice Form) میں اگلے اسکول کے انتخابات (اگر کوئی ہوں) کی طرف بڑھ جائے گا۔

**(3) سوال رینڈم نمبر کس کے لیے استعمال ہوتا ہے؟**

**جواب** سینٹرل ایلوکیشن پروگرام چلانے سے پہلے کمپیوٹر کے ذریعے رینڈم نمبر تشکیل دیا جاتا ہے۔ اس کا استعمال ایک ہی ایلوکیشن بینڈ کے اندر طلباء کی تفویض کی ترتیب کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اگر کسی مخصوص سیکنڈری اسکول کے اسکول کی جگہوں کی طلب رسد سے زیادہ ہو جاتی ہے تو، اسی ایلوکیشن بینڈ کے اندر ایک چھوٹا رینڈم نمبر رکھنے والے طالب علم کو پہلے جگہ تفویض کی جائے گی۔ رینڈم نمبر کا "طالب علم کے حوالہ نمبر" یا طالب علم کے ذاتی ڈیٹا سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ تفویضی طریقہ کار کے دوران، ہر طالب علم کو صرف ایک رینڈم نمبر تفویض کیا جائے گا۔ رینڈم نمبر تفویضی طریقہ کار مکمل ہونے کے بعد برقرار نہیں رکھا جائے گا۔

**<u>سینٹرل ایلوکیشن میں انتخاب سازی کی مشق</u>**

**(4) سوال والدین CA کے لیے انتخاب سازی کے دستاویزات کب حاصل کریں گے؟**

جواب مجودہ دور کے شریک پرائمری6 (P6) طلباء کے والدین کو سیکنڈری ون چوائس آف سکولز فارم (Choice Form) اور متعلقہ انتخاب سازی کے دستاویزات اپنے بچوں کے پرائمری سکولوں کے ذریعے اپریل 2025 کے اوائل میں موصول ہوں گے۔ والدین کو تکمیل شدہ Choice form مئی 2025 کے اوئل تک اپنے بچوں کے موجودہ پرائمری سکولز کے ذریعے EDB کو واپس کرنا ہوں گے۔ SSPA e-Platform کے صارفین کے طور پر مندرج اور اپنے اکاؤنٹ کو "iAM Smart+"[3] سے وابستہ رکھنے والے والدین، کاغذی Choice Form کے علاوہ، SSPA e-Platform کے ذریعے موجودہ پرائمری سکول میں CA درخواست جمع کرانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ والدین کو ایک ہی بچے کے لیے SSPA e-Platform کے ذریعے اور کاغذی شکل میں دہری درخواستیں جمع نہیں کرانی چاہئیں۔

**(5) سوال Choice Form بھرتے وقت والدین کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟**

جواب والدین کو اسکول کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہیے، مثلاً اس کا تعلیمی فلسفہ، روایت، مذہب، طبقاتی ڈھانچہ، ترقی اور امور، اور اپنے بچوں کی خصوصیات، شخصیت، صلاحیتوں اور دلچسپیوں پر غور کرنا چاہیے تاکہ اسکول کا مناسب انتخاب کیا جا سکے۔

Choice Form کو حصہ A اور حصہ B میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ A کے "غیر محدود اسکول کے انتخاب" کے لیے، والدین زیادہ سے زیادہ کسی بھی اسکول نیٹ، بشمول اپنے بچوں کے اسکول نیٹ کے اسکولز سے، تین سیکنڈری اسکولز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ جہاں تک حصہ B کے "محدود اسکول کے انتخاب" کا تعلق ہے تو، والدین کو چاہیے کہ وہ اس اسکول نیٹ سے جس سے ان کے بچے تعلق رکھتے ہیں کے اسکولز کو ترجیحی ترتیب کے مطابق پُر کریں اور جہاں تک ممکن ہو 30 انتخابات کو پُر کریں۔ اگر انہوں نے حصہ A میں جن سیکنڈری اسکولز کی نشاندہی کی ہے وہ بھی ان کے بچوں کے اسکول نیٹ میں موجود ہیں تو، وہ ان اسکولز کو حصہ B میں شامل کر سکتے ہیں۔ تاہم، والدین کو ایک ہی حصے میں ایک ہی اسکول کا بار بار انتخاب نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس سے ان کے بچوں کو ان اسکولز کی تفویض کے موقع بڑھنے کے امکانات زیادہ نہیں ہوتے۔

جب والدین Choice form کا حصہ A پُر کر رہے ہوں تو، انہیں اپریل 2025 کے اوائل میں پرائمری اسکولز میں تقسیم شدہ "ہینڈ بک برائے غیر محدود اسکول کے انتخاب" (Handbook) سے رجوع کرنا چاہیے۔ SSPA e-Platform کے صارفین کے طور پر مندرج والدین کے لیے، وہ SSPA e-Platform پر Handbook کے آن لائن ورژن کو بھی براؤز کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں، والدین فہرستیں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے EDB کا ہوم پیج ([www.edb.gov.hk](http://www.edb.gov.hk)) بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System) یا EDB کے 24 گھنٹے آٹومیٹک ٹیلی فون انکوائری سسٹم کے نمبر 2891 0088 پر کال کریں (دبائیں 2 ( English) > 5 (Fax Services) > 04 (Secondary School Places Allocation System: School Lists)) تاکہ فیکس کے ذریعے فہرستیں حاصل کر پائیں۔ جب والدین Choice form کا حصہ B پُر کر رہے ہوں تو، انہیں چاہیے کہ وہ اس اسکول نیٹ جس سے ان کے بچے تعلق رکھتے ہیں کی "سیکنڈری اسکول فہرستوں" سے رجوع کریں۔ Choice Formsکے ساتھ، "سیکنڈری اسکول فہرستوں" کو اپریل 2025 کے شروع میں والدین کے حوالے کے لئے تقسیم کیا جاتا ہے۔

---

[3] "iAM Smart+" رجسٹریشن کی تفصیلات کے لیے، براہ مہربانی "iAM Smart" موضوع پر مبنی ویب سائٹ ([https://www.iamsmart.gov.hk](https://www.iamsmart.gov.hk)) پر جائیں (منتخب کریں: Home > “iAM Smart” Registration > Registration Methods)

**(6) سوال** **کیا والدین کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ CA مرحلے میں Choice Form کو مکمل کریں اگر ان کے بچوں کو SSPA سسٹم میں شریک سیکنڈری اسکولز (شریک سیکنڈری اسکولز) کی جانب سے صوابدیدی جگہوں (DP) کے کامیاب درخواست دہندگان کے طور پر اطلاع موصول ہوئی ہو؟**

جواب چاہے طالب علموں نے شریک سیکنڈری اسکولز (بشمول Jockey Club Ti-I College) کے DP کے لیے درخواست دی ہو یا نہیں، انہیں اوائل مئی 2025 تک پرائمری اسکولز یا SSPA e-Platform کے ذریعے EDB کو مکمل شدہ Choice Form واپس کرنا ہو گا۔ یہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ اگر ان کی درخواست ان سکولز میں کامیاب نہیں ہوئی ہے تو، پھر بھی انہیں CA میں S1 جگہ تفویض کی جائے گی۔

اگر والدین کو صوابدیدی جگہیں کے لیے کامیاب فہرستوں میں ان کے بچوں کے شامل ہونے کے بارے میں شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے مطلع کیا گیا ہے یا ان کے بچوں کو Jockey Club Ti-I College کے ذریعے داخلہ دیا گیا ہے تو، انہیں بس متعلقہ آئٹم پر ٹک کرنا ہوگا، اسکول انتخابات والے حصوں پر لکیر کھینچنی ہوگی اور رابطہ معلومات پُر کرنے کے بعد Choice Form پراس بات کی نشاندہی کرنے کے لیے دستخط کرنا ہوں گے کہ انہیں اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جو والدین SSPA e-Platform کے ذریعے Choice form جمع کراتے ہیں، انہیں پیج کے نیچے "سینٹرل ایلوکیشن کے لیے درخواست دیں" کے لیے رابطے کی معلومات پُر کرنی ہوگی، پھر حصہ A اور حصہ B کے سکول انتخابات سے متعلق پارٹس کو چھوڑنے کے لیے "سیکنڈری ون چوائس آف اسکول فارم پر اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے " کو منتخب کرنا ہوگا، اور Choice form کی تصدیق اور جمع کرانے کے ساتھ، "+iAM Smart" کے ساتھ ڈیجیٹلی دستخط کرنے ہوں گے۔

اگر والدین اسکول کا کوئی انتخاب نہیں کرتے ہیں اور Choice Form میں CA میں شرکت نہ کرنے کا اپنا ارادہ ظاہر نہیں کرتے ہیں، اور طلباء کو نہ تو DP مرحلے پر اسکول کی جگہ تفویض کی گئی ہو، اور نہ ہی ان Jockey Club Ti-I College /ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم سیکنڈری اسکولز میں داخل ہوں جو SSPA سسٹم میں شرکت نہ کر رہے ہوں(NDSS secondary schools) تو، طلباء کو متعین شدہ تفویضی طریق کار کے مطابق اسکول کی جگہیں تفویض کی جائیں گی۔

## ایلوکیشن بینڈز

**(7) سوال ایلوکیشن بینڈز کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ وہ کس لیے استعمال ہوتے ہیں؟**

جواب طلباء کو ان کے سکیلڈ انٹرنل اسیسمنٹ (IA) کے نتائج کے مطابق ان کے ایلوکیشن بینڈز ملتے ہیں۔ طلباء کے IA کے نتائج پرائمری 5 کے آخر میں، اور دونوں سال کے وسط میں اور P6 کے آخر میں معیار کے لیے جانچیں جائیں گے، اور اسکول کے 2018 اور 2024 کے پری سیکنڈری ون ہانگ کانگ اٹینٹمنٹ ٹیسٹ(Pre-S1 HKAT) کے نمونے کے نتائج کی اوسط سے ماپے جائیں گے۔ ان اسکولز کے لیے جن کے پاس Pre-S1 HKAT سال 2018 یا 2024 کے نمونے کے نتائج نہیں ہیں (مثلاً ایک نیا شریک اسکول) ہو تو، اس مخصوص سال کے ٹیسٹ میں ایک ہی سکول نیٹ کے تمام شریک پرائمری اسکولز کے نمونہ نتائج کی اوسط کو بطور معیار استعمال کیا جائے گا۔

حصہ A میں CA کے "غیر محدود اسکول انتخاب" میں اسکول کی جگہیں تفویض کرنے کے لیے، علاقے میں تمام طلباء کے سکیل کردہ نمبروں کو میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلباء کو یکساں طور پر تین ٹیریٹری بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا، جو ہر ایک علاقے میں پرائمری طلباء کی کل تعداد کی ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔ جہاں تک حصہ B میں CA کے "محدود اسکول انتخاب" میں اسکول کی جگہوں کی تفویض کا تعلق ہے تو، ایک ہی اسکول کے نیٹ کے اندر تمام طلباء کے سکیل کردہ نمبرز کو میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلباء کو یکساں طور پر تین نیٹ بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا، جو ہر ایک اسکول نیٹ میں پرائمری طلباء کی کل تعداد کی ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔

جبکہ ٹیریٹری بینڈ کا استعمال CA کے حصہ A میں غیر محدود اسکول کی جگہوں کے لیے طالب علم کے تفویض کرنے کی ترتیب کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے، نیٹ بینڈ CA کے حصہ B میں اسکول کی محدود جگہوں کی تفویض کرنے کے لیے ہے۔ ایلوکیشن بینڈ P6 طلباء کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک مکمل معیار نہیں ہے، اور تفویضی طریقہ کار مکمل ہونے کے بعد انفرادی طلباء کے ایلوکیشن بینڈ کو برقرار نہیں رکھا جائے گا۔

**(8) سوال اگر کسی طالب علم کے لیے کراس نیٹ ایلوکیشن کی منظوری دی جاتی ہے تو، نئے اسکول نیٹ میں اس کے نیٹ بینڈ کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ کیا اس کے ٹیریٹری بینڈ میں کوئی تبدیلی آئے گی؟**

جواب کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے منظور شدہ طالب علم کے لیے، اس لڑکا/لڑکی کے اپنے یعنی اس لڑکا/لڑکی کے اصل اسکول نیٹ میں اسکول میں حاصل کیے ہوئے اسکیل کردہ نمبروں کا موازنہ نئے اسکول نیٹ میں طلباء کے اسکیل کردہ نمبروں سے کیا جائے گا تاکہ تعین ہو سکے کہ وہ لڑکا/لڑکی کس نیٹ بینڈ سے تعلق رکھتا یا رکھتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں، نئے اسکول نیٹ میں طالب علم کا نیٹ بینڈ اس کے اصل اسکول نیٹ میں موجود نیٹ بینڈ سے مختلف ہو سکتا ہے۔ جہاں تک طالب علم کے ٹیریٹری بینڈ کا تعلق ہے، اسے کراس نیٹ ایلوکیشن کی منظوری کی وجہ سے تبدیل نہیں کیا جائے گا۔

**<u>اسکول نیٹ</u>**

**(9) سوال اسکول نیٹ کیا ہے؟ سیکنڈری اسکول نیٹ کی حد بندی کیسے کی جاتی ہے؟**

جواب ضلعی انتظامیہ کی حدود کے مطابق، پورے علاقے کو اسکول کی جگہوں کی الاٹمنٹ کے لیے 18 سیکنڈری اسکول نیٹ میں تقسیم کیا گیا ہے کیونکہ حصہ B میں CA اسکول نیٹ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ہر اسکول نیٹ میں تمام شریک پرائمری اور سیکنڈری اسکول شامل ہیں جو بذات خود ضلع میں واقع ہیں اور دوسرے اضلاع میں متعدد مختلف قسم کے سیکنڈری اسکول جو نیٹ کے لیے اسکول کی جگہیں فراہم کرتے ہیں۔ دوسرے اضلاع کے سیکنڈری اسکولز اور اسکولز کی جگہیں سال بہ سال مختلف ہو سکتی ہیں۔ موجودہ پالیسی کے مطابق، ان طلباء کے علاوہ جن کی کراس نیٹ تفویض کرنے کی درخواستیں منظور کی گئی ہیں، اصولی طور پر، سیکنڈری اسکول نیٹ جس سے طالب علم کا تعلق ہے اس کا تعین طالب علم کے پرائمری اسکول کے جسمانی مقام سے ہوتا ہے، نہ کہ اس ضلع سے جہاں طالب علم رہتا ہے۔

**(10) سوال اسکول کے نیٹس کا انتظام کیسے کیا جاتا ہے؟**

جواب پبلک سیکٹر سیکنڈری اسکول کی جگہوں کی فراہمی کا منصوبہ پورے علاقے کی بنیاد پر بنایا جاتا ہے۔ تعلیمی جگہوں کی مطلوبہ مقدار کو پورا کرنے اور کم تعداد میں تعلیمی جگہوں والے اضلاع میں طلباء کو مزید تعلیمی انتخابات فراہم کرنے کے لئے، پڑوسی علاقوں سے تعلیمی جگہوں کی نیٹنگ ایک پرانی منصوبہ بندی ہے جس سے مختلف شراکت داروں کے خدشات اور ضروریات کو بھی حل کیا جاسکتا ہے۔ نیٹنگ کے انتظامات کرتے وقت، EDB بےشمار عوامل کو مدنظر رکھتا ہے، جیسے مختلف اضلاع میں اسکول کی جگہوں کی طلب اور فراہمی، اسکولوں کا مقام اور متعلقہ نقل و حمل کی سہولیات کے ساتھ ساتھ قائم کردہ نیٹنگ پیٹرن، تاکہ ہر ضلع میں اسکول کی جگہوں کی مناسب فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے اور والدین کو مزید انتخابات فراہم کیے جاسکیں۔ ہم سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن کمیٹی کے ساتھ مشاورت کے بعد SSPA سسٹم کے تحت انتظامات کے بارے میں شراکت داروں کے خیالات پر غور کرنے کے بعد متعلقہ سال کے نیٹنگ انتظامات کو تیار کریں گے۔

دیگر اضلاع سے فراہم کردہ سیکنڈری اسکولز اور اسکول کی جگہوں کی تعداد طلب اور رسد کی صورتحال کے مطابق سال بہ سال مختلف ہو سکتی ہے۔ والدین کو متعلقہ دور کے لیے نیٹنگ کے انتظامات کے لیے EDB کے ذریعے ہر سال تقسیم کی جانے والی "سیکنڈری اسکول فہرستوں" سے رجوع کرنا چاہیے۔

**(11) سوال کیا اپریل 2025 میں شروع ہونے والے CA کے متعلقہ دستاویزات میں دکھائے گئے DP مرحلے کے بعد غیر استعمال شدہ اسکول کی جگہوں کی تعداد کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا تاکہ CA مرحلے پر والدین کے اسکولوں کے انتخاب میں آسانی ہو؟**

جواب DP مرحلے میں، بعض طلباء دو شریک سیکنڈری اسکولز سے اپنی کامیاب DP درخواستوں کی اطلاعات وصول کر سکتے ہیں اور انہیں آخر کار موجودہ SSPA طریق کار کے مطابق ان کی پہلی پسند کے اسکولز میں تفویض کیا جائے گا، جس سے ایک اسکول کی جگہ دستیاب ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ، بعض کامیاب درخواست دہندگان اپنے لیے تفویض شدہ DP کو چھوڑ سکتے ہیں اور NDSS secondary schools کی جانب سے پیش کردہ جگہوں کو قبول کر سکتے ہیں۔ ان کامیاب DP درخواست دہندگان کے لیے تفویض جگہیں بھی دستیاب کر دی جائیں گی۔ موجودہ SSPA طریق کار کے تحت، بعض طلباء کو ان غیر استعمال شدہ DP کے ساتھ ریزرو درخواست دہندگان کی حیثیت میں جگہ تفویض کی جا سکتی ہے اور باقی جگہیں CA کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ CA سے متعلق دستاویزات کو اپریل 2025 میں والدین کو ان کے حوالہ کے لیے تقسیم کرنے کے لیے مارچ 2025 میں پرنٹ کیا جانا ہے۔ اس لیے سخت شیڈول کی وجہ سے متعلقہ اسکول جگہوں کی تعداد کو اپ ڈیٹ کرنا ممکن نہیں ہے۔

**(12) سوال کراس نیٹ ایلوکیشن کیا ہے؟**

جواب CA کے حصہ B کے لیے اسکول کی جگہوں کی الاٹمنٹ اسکول نیٹ کے ذریعے کی جاتی ہے اور اسکول نیٹ جس سے طالب علم کا تعلق ہے اصولی طور پر اس پرائمری اسکول کا اسکول نیٹ ہوتا ہے جس میں وہ لڑکا/لڑکی زیر تعلیم ہے۔ اگر کسی طالب علم کو خاص وجوہات کی بنا پر، اسکول نیٹ تبدیل کرنے کی حقیقی ضرورت ہوتی ہے تو، والدین کو اپنے بچے کے موجودہ پرائمری اسکول کے ذریعے فروری 2025 کے آخرسے قبل EDB کو مربوط ثبوتی دستاویزات کے ساتھ کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینی ہوگی۔ پرائمری اسکول مزید کارروائی کے لیے درخواست کی دستاویزات کی تمام تصدیق شدہ کاپیاں EDB کو بھیجے گا۔ SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج اور اپنے اکاؤنٹ کو "+iAM Smart" سے جوڑنے والے والدین، کاغذی درخواست فارم کے علاوہ، SSPA e-Platform کے ذریعے کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست جمع کر سکتے ہیں۔ والدین کو ایک ہی بچے کے لیے SSPA e-Platform کے ذریعے اور کاغذی شکل میں دہری درخواستیں جمع نہیں کرانی چاہیے۔ اگر طالب علم کو اسکول نیٹ کے لیے کراس نیٹ تفویض کرنے کی منظوری دی جاتی ہے جس سے اس کا ہانگ کانگ کا رہائشی پتہ (یعنی رہائشی جگہ جہاں درخواست دہندہ طالب علم رہتا یا رہتی ہو اور جو اس لڑکا/لڑکی کا واحد یا مرکزی گھر ہو) متعلقہ ہو تو، وہ لڑکا/لڑکی نئے اسکول نیٹ میں CA کے حصہ B میں حصہ لے گا یا لے گی۔

**(13) سوال درخواست دینے والے طالب علم کے رہائشی پتے کا اعلان کرتے وقت والدین کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے اور اگر وہ کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو وہ کیا متعلقہ ثبوتی دستاویزات فراہم کریں؟**

جواب والدین کو نوٹ کرنا چاہیے کہ درخواست دینے والے طالب علم کا رہائشی پتہ ہانگ کانگ میں اس کا واحد یا مرکزی رہائشی پتہ ہونا چاہیے، یعنی وہ رہائش گاہ جہاں درخواست گزار طالب علم رہتا ہے اور جو اس لڑکا/لڑکی کا واحد یا مرکزی گھر ہو۔ ہانگ کانگ کے قابل قبول رہائشی پتے کے لیے ثبوتی دستاویزات میں مہر لگا ہوا کرایہ داری کا معاہدہ، نرخوں اور/یا حکومتی کرایہ کے لیے ڈیمانڈ نوٹ، کرایہ داری کا معاہدہ یا عوامی ہاؤسنگ اتھارٹیز کی طرف سے جاری کردہ کرایہ دار کا کرایہ کارڈ، رہائشی ٹیلی فون/ گھریلو براڈ بینڈ بل، اور مختلف یوٹیلیٹی کمپنیوں کے بل، جیسے Towngas, Hong Kong Electric Company Ltd., Water Supplies Department وغیرہ۔ دیگر دستاویزات جیسا کہ بینک اسٹیٹمنٹس، موبائل فون کے بلز، عدالتی حاضری نامہ اور ٹیکس کے مطالبے کے نوٹس قبول نہیں کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، ہانگ کانگ کے رہائشی پتہ کی ثبوتی دستاویز پر والدین کا نام اور پتہ (یعنی مرسل الیہ) کا مطبوعہ ہونا ضروری ہے۔

**(14) سوال اگر طلباء نے کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینے سے پہلے ایک یا دو سیکنڈری اسکولز میں DP کے لیے درخواست دی ہے، اور اپنی کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے اپنی DP درخواست (درخواستیں) منسوخ کر دی ہوں تو، کیا ان کے والدین کو CA مرحلے پر Choice Form پُر کرنا ہو گا؟**

جواب موجودہ SSPA طریق کار کے تحت، طلباء اپنی ایک یا دونوں DP درخواستوں کو منسوخ کر سکتے ہیں اگر انہیں کراس نیٹ ایلوکیشن کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہو۔ اگر انہوں نے اپنی ایک یا دونوں DP درخواستوں کو اپنی کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے منسوخ کر دیا ہو، چاہے انہیں اطلاعی انتظامات کے تحت کامیاب درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا گیا ہو تو، متعلقہ DP خود بخود منسوخ ہو جائے گی۔ اگر شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے پیش کردہ تمام DP کراس نیٹ درخواست کی وجہ سے منسوخ کر دیے گئے ہوں تو، متعلقہ والدین کو Choice Form بھرنا ہو گا تاکہ ان کے بچے CA میں حصہ لے سکیں۔ اگر متعلقہ والدین Choice Form پر اسکول کا کوئی انتخاب نہیں کرتے ہیں اور متعلقہ طلباء کو کسی NDSS secondary schools نے اسکول کی جگہ کی پیشکش نہ کی ہو تو، متعلقہ طلباء کو طے شدہ تفویضی طریق کار کے مطابق اسکول کی جگہ تفویض کر دی جائے گی۔

اسکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن
ایجوکیشن بیورو
ستمبر 2024